دعوت اسلامی کے شب و روز

نثار تیری چہل پہل پر ہزاروں عیدیں ربیع الاول
سوائے ابلیس کے جہاں میں سبھی تو خوشیاں منا رہے ہیں

# جشنِ ولادت منانے کے 26 منفرد طریقے




پیشکش:
المدینۃ العلمیۃ (دعوتِ اسلامی)
Islamic Research Center
شعبہ دعوتِ اسلامی کے شب و روز

# کتاب پڑھنے کی دعا

دینی کتاب یا اسلامی سبق پڑھنے سے پہلے ذیل میں دی ہوئی دعا پڑھ لیجئے

ان شاءاللہ جو کچھ پڑھیں گے یاد رہے گا۔ دعا یہ ہے:

اَللّٰھُمَّ افْتَحْ عَلَیْنَا حِکْمَتَکَ وَانْشُرْ
عَلَیْنَا رَحْمَتَکَ یَا ذَاالْجَلَالِ وَالْاِکْرَام

(المستطرف، ج1، ص40 دار الفکر بیروت)

(اول آخر ایک بار درود شریف پڑھ لیجئے)


| | | |
|---|---|---|
| نام رسالہ | : | جشنِ ولادت منانے کے 26 منفرد طریقے |
| تصنیف | : | مولانا آصف اقبال عطاری مدنی |
| صفحات | : | 06 |
| اشاعتِ اول | : | ربیع الاول 1444ھ، ستمبر 2023ء |
| پیش کش | : | شعبہ دعوتِ اسلامی کے شب و روز، المدینۃ العلمیۃ (اسلامک ریسرچ سینٹر، دعوتِ اسلامی) |

news.dawateislami.net



دعوت اسلامی کے شب و روز

For More Updates

news.dawateislami.net

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ وَالصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلٰی سَیِّدِ الْمُرْسَلِیْنَ ط
اَمَّا بَعْدُ فَاَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ ط بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط

## دس رحمتیں نازل ہوں گی

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا: مَنْ صَلّٰی عَلَیَّ وَاحِدَةً صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ عَشْرًا یعنی جو مجھ پر ایک بار دُرُود پڑھے، اللہ پاک اس پر دس رحمتیں نازل فرمائے گا۔

(مسلم، حدیث:912)

صَلُّوْا عَلَی الْحَبِیْب صَلَّی اللّٰهُ عَلٰی مُحَمَّد

## جشن ولادت منانے کے 26 منفرد طریقے

اللہ تعالیٰ کے دنوں میں سب سے زیادہ قابل تعظیم حضور تاجدارِ ختم نبوت صلَّی اللہ علیہ والہٖ وسلَّم کا یوم وِلادت ہے.......... کیونکہ اِسی کے سبب سارے دنوں کو برکت ملی اور اللہ تعالیٰ کے دنوں کو یاد رکھنے کا حکم قرآن کریم نے دیا۔ (پ13، ابراہیم:5)............ نیز رحمت الٰہی ملنے پر خوشی کرنے کا حکم قرآن کریم نے دیا.......... (پ11، یونس58) اور اسی قرآن حکیم نے حضور نبی پاک صلَّی اللہ علیہ والہٖ وسلَّم کو سارے جہانوں کے لیے رحمت قرار دیا۔

(پ17، الانبیاء:107)

**معلوم ہوا کہ** حضور نبی کریم صلَّی اللہ علیہ والہٖ وسلَّم کے دنیا میں تشریف لانے کی خوشی منانا قرآن پاک کے حکم پر عمل کرنا ہے........... اور ہر پیر شریف کو روزہ رکھ کر اپنا یومِ ولادت خود حضور نبی اکرم صلَّی اللہ علیہ والہٖ وسلَّم منایا کرتے تھے۔ (صحیح مسلم، حدیث:198)

**جشن ولادت سے مراد** وہ مبارک اجتماع ہے جس میں حضور تاجدارِ دوجہان صلَّی اللہ علیہ والہٖ وسلَّم کے فضائل، معجزات، خصلتیں، حالات اور حیات مبارکہ کے مختلف پہلوؤں کو بیان



www.dawateislami.net

کیا جائے۔(سبل الہدی والرشاد، 1 / 363)

**جشن میلاد النبی صلَّی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلَّم کے جائز ہونے کو بڑے بڑے علما اورِاماموں (امت کے رہنماؤں) نے بیان کیا**............، بلکہ بعض نے خاص اسی موضوع پر کتابیں بھی لکھیں............ جن میں علامہ ابن جوزی حنبلی............، امام سیوطی شافعی............، حافظ ابن کثیر حنبلی............، امام ابن حجر مکی............، شارح بخاری امام احمد قسطلانی............، حافظ الحدیث علامہ سخاوی............، شیخ عبدالحق محدث دہلوی............، شاہ ولی اللہ محدث دہلوی............ اور امام احمد رضا خان حنفی رحمہم اللہ تعالیٰ جیسے جلیل القدر علما و اکابر شامل ہیں۔

**ہم اہلسنت وجماعت کے نزدیک میلاد پاک کی محفل افضل ترین مستحب اور اعلیٰ ترین نیک کاموں میں سے ہے جبکہ اس میں کوئی غیر شرعی بات شامل نہ ہو۔** آیئے! میلاد منانے اور سیرت اپنانے کے لیے اس بابرکت مہینے میں درج ذیل اعمال کا اہتمام کریں اور جشن ولادت کو مزید بامقصد بنائیں:

**(1)** پانچ وقت باجماعت نماز کا اہتمام کریں، قضا نماز اور اپنے ذمہ لازم زکوٰۃ اور لوگوں کے قرضے ادا کریں۔

**(2)** ظاہری و باطنی گناہوں سے سچی توبہ کریں............ اور اپنے ماتحتوں خاص طور پر اپنی اولاد............ اور شاگردوں کو گناہوں سے باز رکھیں۔

**(3)** مسلمان مرد اپنے چہرے کو پیارے آقا صلَّی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلَّم کی پیاری سنت داڑھی سے سجائیں............ اور خواتین خود کو شرعی پردے سے سنواریں۔

**(4)** ماہِ میلاد میں روزانہ قرآن کریم کی کم از کم تین آیات مبارکہ ترجمہ و تفسیر کے ساتھ پڑھیں (ترجمہ کنزالایمان یا کنزالعرفان سے اور تفسیر خزائن العرفان، نورالعرفان اور صراط الجنان سے)۔



www.dawateislami.net

**(5)** پورا مہینہ روزانہ کم از کم 313 بار دُرود شریف پڑھیں۔........... **امیر اہلسنت** حضرت علامہ مولانا محمد الیاس عطار قادری مُدّ َظِلُّہُ العالی نے اس بار عاشقان رسول کو ماہ ربیع الاول میں 12 ارب درود شریف پڑھنے کا ہدف دیا ہے۔

**(6)** حضور تاجدار ختم نبوت صلَّی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلَّم کی احادیث مبارکہ........... اور سنتوں پر مشتمل کتب کا مطالعہ کریں........... جیسے **ریاض الصالحین، انوار الحدیث، فیضانِ سنت، بہار شریعت حصہ 16، سنتیں اور آداب۔**

**(7)** اس بابرکت مہینے میں **"سیرت مصطفی صلی اللہ علیہ وسلم"** (از علامہ عبد المصطفی اعظمی)...........، **شفاء شریف مترجم** (از قاضی عیاض مالکی) ...........، **"صبح بہاراں"** (از امیر اہلسنت مولانا الیاس عطار قادری)...........، **"آب کوثر" یا "البرہان"** (از مفتی محمد امین صاحب) ...........، **"آخری نبی صلَّی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلَّم کی پیاری سیرت"** (از المدینۃ العلمیۃ) میں سے کسی ایک کتاب کا ضرور مطالعہ کریں۔

**(8)** حضور امام الانبیاء صلَّی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلَّم کے حسن وجمال...........، فضائل و خصائص...........، رفعت وشان...........، کمالات و معجزات........... نیز محبت و عشق رسول پر مبنی مستند علمائے اہلسنت کے بیانات سنیں۔

**(9)** کوئی مدرسہ قائم کریں........... یا اہلسنت کے کسی ایسے مدرسوں و جامعات کے ساتھ تعاون کریں جو اچھی کارکردگی کے ساتھ ہمارے بچوں کو حافظ و عالم و مفتی بنانے میں مصروف ہے۔

**(10)** اپنے ایک بیٹے یا ایک بیٹی کو عالم دین بنانے کی نیت کریں........... اور اس پر جلد عملی اقدام بھی کریں۔

(11) کسی غریب بالخصوص سید زادے کے گھر ایک دو مہینوں کا راشن ڈالوا دیں............ اور وقتاً فوقتاً ایسے لوگوں کی مدد کر کے دعائیں لیں............ خاص کر موجودہ ملکی حالات اور مہنگائی کے دور میں ایسے صدقات کی کثرت کیجیے۔

(12) ممکن ہو تو کسی ہال / بینکویٹ میں غربا کے لیے پُر تکلف و عظیم الشان دعوت (لنگر میلاد) کا اہتمام کریں............ مگر یہ ظاہر نہ کریں کہ صرف غریبوں کو بلایا گیا ہے۔

(13) کسی مقروض مسلمان کا سارا یا کچھ قرض ادا کر دیں............، محلے کے دکان دار سے رابطہ کریں، کسی غریب کا کھاتہ کلیئر کروا دیں۔

(14) کسی نادار و غریب امتی کو کوئی چھوٹا موٹا کاروبار شروع کروا دیں............، کسی کو ملازمت دلوا دیں............ اور کسی کی جائز سفارش کر دیں۔

(15) کسی مریض کا اپنے مال سے علاج کروا دیں............ اور ہو سکے تو اُس کے علاج کا سارا خرچ اپنے ذمے لے لیں۔

(16) جلوس میلاد اور محافل کو غیر شرعی اور غیر اخلاقی باتوں سے پاک رکھیں............ یاد رہے کہ نامحرم مردوں عورتوں کا اختلاط.........، بدنگاہی.........، میوزک و گانے باجے.........، آس پڑوس اور لوگوں کو تکلیف پہنچانے والا انتہائی بلند آواز ایکو ساؤنڈ......... اور بجلی چوری وغیرہ کے کام غیر شرعی، ناجائز اور گناہ ہیں۔

(17) آڈیو / ویڈیو بیانات یا نعتیں ضرور سنیں............ مگر اُس کی اونچی آواز سے اہل محلہ............، پڑوسیوں یا............ کسی مریض کو تکلیف نہ پہنچائیں۔

(18) میلاد کی محفلوں میں وقت کی پابندی کا خاص خیال رکھیں............ اور بڑی راتوں کے علاوہ محافل کا دورانیہ زیادہ سے زیادہ دو گھنٹے بہت ہے۔



www.dawateislami.net

(19) محافل یا جلوس میں ..........یا اِن کی تیاری کے دوران باجماعت نمازوں کا لازمی خیال رکھیں ..........سچا میلادی نماز کبھی نہیں چھوڑتا۔

(20) عید میلاد النبی صلَّی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلَّم کی خوشی میں گھروں، محلوں اور مسجدوں میں چراغاں کریں ..........مگر چوری کی بجلی، سڑکوں پر رکاوٹوں اور لوگوں کو کسی قسم کی تکلیف دینے سے بچیں۔

(21) گھروں میں خواتین کی محفل میلاد منعقد کریں تو کسی سنی صحیح العقیدہ عالمہ یا مُبلِّغہ خاتون کا بیان ضرور رکھوائیں ..........جس میں حضور اکرم صلَّی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلَّم کے فضائل، سیرت اور حسن اخلاق کو بیان کیا جائے۔ اور اس محفل میں لاؤڈ اسپیکر کا استعمال ہرگز نہ کریں کہ عورتوں کے نغمہ کی آواز غیر محرم تک پہنچے گی جو کہ جائز نہیں۔

(22) ہوسکے تو سارے گھر والے جمع ہوکر 12 دن تک روزانہ 25 منٹ گھر میں محفل میلاد کا اہتمام کریں ..........جس میں تلاوت و نعت اور 12 منٹ کا بیان ہو ..........اس میں حضور نبی کریم صلَّی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلَّم کی سیرت کا کوئی گوشہ بیان کیا جائے یا ایک دو معجزات بیان کیے جائیں۔

(23) میوزک اور آج کل بجائے جانے والے دَف کے ساتھ حمد و نعت یا منقبت و قوالی سننا، سنانا گناہ ہے۔ ..........لہٰذا اس سے بچیں، حضور رحمتِ عالم صلَّی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلَّم نے ارشاد فرمایا: میں تمام جہانوں کے لیے رحمت وہدایت بن کر آیا ہوں تاکہ بتوں کو مٹادوں، آلات میوزک کو توڑدوں اور زمانہ جاہلیت کی باتوں کو ختم کردوں۔ (معجم کبیر، حدیث: 7759)

(24) نامحرم مردوں اور عورتوں کا اختلاط حرام ہے ..........لہٰذا جن محافل میں یہ اور دیگر گناہ ہوں وہاں ہرگز نہ جائیں ..........**نیز اپنے گھر کی خواتین کو جلوس میں شرکت یا**



www.dawateislami.net

جلوس دیکھنے جانے کی اجازت نہ دیں۔

(25)ماہِ میلاد بلکہ سارا سال حمد وثنا اور نعتیں سُنیں مگر زیادہ توجہ خوش عقیدہ مستند علمائے کرام اور معتمد مبلغین اسلام کے بیانات پر دیں ........... تاکہ ہمارے عقائد واعمال پختہ ہوں اور ان میں پائی جانے والی غلطیاں دُور ہوں۔

(26)نعت خوانی کرنے والوں کو چاہیے کہ محافل میں ثناخوانی کے ساتھ ساتھ مستند علمائے اہلسنت اور مبلغین اسلام کے بیانات بھی سنیں تاکہ انہیں بھی عقیدے اور عمل کی پختگی نصیب ہو۔ چار پانچ جگہ وقت دینے کے بجائے ایک دو جگہ وقت دیں اور کسی ایک محفل میں مکمل بیان سنیں۔

**مسلمانوں سے فریاد:** عید میلاد النبی صلَّی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلَّم کے موقع پر جشنِ وِلادت منائیں اور حضور رحمت للعالمین صلَّی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلَّم کی آمد کے مقصد کو پیشِ نظر رکھیں، سیرت مبارکہ کا مطالعہ کریں اور آپ کی سنتوں کو اپنائیں۔

**نوٹ:** یہ تحریر اپنی معروضات کے ساتھ ساتھ مختلف کتب ورسائل اور مضامین سے اخذ شدہ مفاہیم کی روشنی میں مرتب کی گئی ہے۔ اللہ کریم ہمیں شریعت کے دائرے میں رہتے ہوئے میلاد منانے اور سیرت مصطفیٰ صلَّی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلَّم اپنانے کی توفیق عطا فرمائے۔

**اٰمین بجاہِ محمد خاتم النبیین** صلَّی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلَّم




www.dawateislami.net


## نیک نَمازی بننے کے لیے


ہر جُمعرات بعد نَمازِ مغرِب آپ کے یہاں ہونے والے دعوتِ اسلامی کے ہفتہ وار سُنّتوں بھرے اجتماع میں رِضائے الٰہی کے لیے اچّھی اچّھی نیّتوں کے ساتھ ساری رات شرکت فرمایئے ❁ سُنّتیں سیکھنے سکھانے کے لیے عاشِقانِ رسول کے ساتھ ہر ماہ کم از کم تین دن مَدَنی قافِلے میں سَفَر کیجئے ❁ روزانہ اپنے اَعْمال کا جائزہ لے کر **"نیک اَعْمال"** کا رِسالہ پُر کر کے ہر مہینے کی پہلی تاریخ کو اپنے یہاں کے شعبۂ اِصلاحِ اَعْمال کے ذِمّے دار کو جَمْع کروانے کا معمول بنالیجئے۔


**میرا مَدَنی مَقْصد: "مجھے اپنی اور ساری دنیا کے لوگوں کی اِصلاح کی کوشش کرنی ہے۔"**

اِنْ شَآءَاللہُ الکریم۔ اپنی اِصلاح کے لیے رسالہ: نیک اَعْمال کے مُطابِق عمل اور ساری دنیا کے لوگوں کی اِصلاح کی کوشش کے لیے سُنّتیں سیکھنے سکھانے کے **"مَدَنی قافِلوں"** میں سَفَر کرنا ہے، اِنْ شَآءَاللہُ الکریم۔





For More Updates
news.dawateislami.net



فیضانِ مدینہ، محلّہ سوداگران، پرانی سبزی منڈی، باب المدینہ (کراچی)

UAN: +92 21 111 25 26 92 Ext: 2650

Web: www.dawateislami.net / Email: ilmia@dawateislami.net